# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ________

Bulle... Dated: ________ Page No. ________


روزنامہ باخبر کوئٹہ 27 جون 2022ء

## غیر قانونی سمگلنگ اور مجرمانہ نیٹ ورک قانون کی حکمرانی کو نقصان پہنچاتے ہیں، بشریٰ رند

منشیات کی آسانی سے دستیابی خاص طور پر نوجوانون کیلئے خطرات کا باعث بنتی ہے، جو پاکستان کی آبادی کا 60 فیصد سے زائد ہے

منشیات کا زہر معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے، اقوام متحدہ کے مطابق 76 فیصد سے زائد پاکستانی منشیات کی لت میں مبتلا ہیں، ربابہ بلیدی

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و سماجی بہبود بشریٰ رند نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر، غیر قانونی اسمگلنگ اور منشیات کا استعمال، عوام کی حفاظت، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہے، غیر قانونی اسمگلنگ اور مجرمانہ نیٹ ورک

بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

قانون کی حکمرانی کو نقصان پہنچاتے ہیں، مصنوعی ادویات کی آسانی سے دستیابی عام لوگوں خاص طور پر نوجوانوں کے لیے خطرات کا باعث بنتی ہے، جو پاکستان کی آبادی کے 60 فیصد سے زیادہ ہیں۔ منشیات کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف عالمی دن پر ہم منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کو فعال طور پر محدود کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ ہمیں نوجوانوں کو منشیات کے استعمال کے خطرات سے بچانے اور ان کی صحت اور تندرستی کے تحفظ کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر، غیر قانونی اسمگلنگ اور منشیات کا استعمال عوام کی حفاظت، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہے۔ غیر قانونی اسمگلنگ اور مجرمانہ نیٹ ورک قانون کی حکمرانی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ مصنوعی ادویات کی آسانی سے دستیابی عام لوگوں خاص طور پر نوجوانوں کے لیے خطرات کا باعث بنتی ہے، جو پاکستان کی آبادی کے 60 فیصد سے زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں نوجوانوں کو منشیات کے استعمال کے خطرات سے بچانے اور ان کی صحت اور تندرستی کے تحفظ کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنا چاہیے۔ ہمارے میڈیا اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کا اس حوالے سے شعور اجاگر کرنے میں بہت بڑا کردار ہے۔ ہمیں مل کر منشیات سے پاک پاکستان کے حصول کے مشن کو آگے بڑھانا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ منشیات کا زہر ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے، اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 76 لاکھ سے زائد افراد نشے کی لت میں مبتلا ہیں جبکہ بلوچستان میں یہ تعداد تین لاکھ کے لگ بھگ ہے ملک میں انسداد منشیات کے لئے اقدامات اور قانون سازی کو مزید موثر بنانے کی ضرورت ہے

ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر یہاں جاری اپنے ایک پیغام میں کیا۔ پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ دنیا بھر میں 15 سے 64 سال کی عمر کے 35 کروڑ لوگ کسی نہ کسی نشے میں مبتلا ہیں دنیا کی تقریباً سات ارب آبادی میں سے ساڑھے چار ارب افراد کی عمریں 15 سے 64 سال کے درمیان ہیں جن میں نشے کے عادی افراد کی شرح سات فیصد ہے ہمارے نوجوان اکثر و بیشتر معاشرتی رد عمل اور نامناسب رہنمائی کی وجہ سے نشے جیسی مہلک عادات کو اپنا لیتے ہیں نوجوان نسل منشیات، شراب، جوے اور دیگر علتوں میں مبتلا ہو کر نا صرف اپنی زندگی تباہ کر رہی ہے بلکہ اپنے ساتھ اپنے خاندان والوں کے لیے بھی اذیت اور پریشانی کا سبب بن رہی ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ پاکستان میں سرکاری سطح پر اے این ایف، کسٹم اور ایکسائز سمیت 24 ایجنسیاں منشیات کے تدارک کیلئے سرگرم عمل ہیں ہمارے ہاں پکڑی جانے والی منشیات میں سے 60 فیصد اینٹی نارکوٹکس فورس پکڑتی ہے جبکہ 60 فیصد باقی 23 ادارے پکڑتے ہیں۔ بلوچستان کی صوبائی حکومت نے منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لئے ایک جدید ادارے کی تعمیر کا منصوبہ بنایا ہے جسے جلد قابل عمل بنایا جائے گا بلوچستان میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا سٹیٹ آف دی آرٹ ہسپتال ہوگا۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ 27 جون 2022ء

## نسل نو کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے اجتماعی کاوشوں کی ضرورت ہے، بشریٰ رند

عالمی سطح پر، غیر قانونی اسمگلنگ اور منشیات کا استعمال عوام کی حفاظت، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہے

پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع اور اسمگلنگ کے راستوں کی قربت غیر قانونی منشیات سے لاحق خطرات میں اضافہ کرتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و سماجی بہبود بشریٰ رند نے کہا ہے کہ منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف عالمی دن پر ہم منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کو فعال طور پر محدود کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، بقیہ 7 صفحہ 6 پر

ہمیں نوجوانوں کو منشیات کے استعمال کے خطرات سے بچانے اور ان کی صحت اور تندرستی کے تحفظ کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنا چاہیے۔ منشیات کے خاتمہ کے عالمی دن کے موقع پر جاری اپنے پیغام میں پارلیمانی سیکرٹری نے کہا کہ عالمی سطح پر، غیر قانونی اسمگلنگ اور منشیات کا استعمال عوام کی حفاظت، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہے۔ صحت اور انسانی بحران کے وقت منشیات کے استعمال کے خلاف کارروائی کو مضبوط بنانا اور معاشرے کے تمام طبقات پر اس کے اثرات کو کم کرنا ضروری ہے۔ غیر قانونی اسمگلنگ اور مجرمانہ نیٹ ورک قانون کی حکمرانی کو نقصان پہنچاتے ہیں اور معاشرے کے تانے بانے کو خراب کرتے ہیں۔

